لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٦﴾

کافروں کے مددگار نہ بنیں۔

وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٨٧﴾

(٨٧) اور (کبھی ایسا نہ ہونے پائے کہ) جب اللہ کی آیات آپ پر نازل ہوں تو یہ لوگ ان پر عمل سے آپ کو روک دیں اور آپ اپنے رب کی طرف بلاتے رہیں اور کبھی مشرکوں میں شامل نہ ہوں۔

وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۘ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۟ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ؕ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٨٨﴾

وقف لازم

ع ٦ ١٢

(٨٨) اور نہ اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو پکارو، اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، اس کی ذات کے سوا ہر چیز فنا ہونے والی ہے، اسی کی فرمانروائی ہے اور اسی کی طرف تم سب کو لوٹایا جائیگا۔

(٢٩) سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ مَكِّيَّةٌ (٨٥) آياتها ٦٩ ركوعاتها ٧

سورہ العنکبوت مکی ہے اور اس میں انہتر آیتیں اور سات رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ﴿١﴾

(١) الٓمّٓ

اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْۤا اَنْ يَّقُوْلُوْۤا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ﴿٢﴾

(٢) کیا یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ زبان سے ایمانداری اور (راستبازی) کا دعویٰ کریں گے اور بغیر آزمائے چھوڑ دیئے جائیں گے؟

وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٣﴾

(٣) حالانکہ جو لوگ ان سے پہلے گزر چکے ہیں، خدا نے انہیں بھی آزمائش میں ڈالا تھا (اور یہ نا گزیر ہے)۔ پس عنقریب خدا ان لوگوں کو معلوم کر کے رہے گا جو اپنے دعویٰ صداقت میں سچے ہیں۔ اور انہیں بھی جو اپنے اندر جھوٹ کے سوا کچھ نہیں رکھتے۔

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿٤﴾

(٤) جن لوگوں کی قوتیں اعمالِ بد میں صرف ہو رہی ہیں کیا وہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے قابو سے باہر ہو جائیں گے؟ اگر ایسا سمجھتے ہیں تو کیا ہی بری سمجھ اور کیا ہی برا فیصلہ ہے!

مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٥﴾

(٥) جو شخص اللہ سے ملنے کی توقع رکھتا ہے (تو اسے چاہیے کہ اس کی تیاری کرتا رہے) کیونکہ اللہ تعالیٰ کا مقرر کردہ وقت آنے ہی والا ہے اور وہی سب کچھ سننے اور جاننے والا ہے۔

وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝٦

(۶) اور یاد رکھو کہ جو (سچائی اور راستبازی کی راہ میں) تکلیف اٹھاتا ہے تو وہ اپنے ہی بھلے کے لئے ایسا کرتا ہے۔ خدا دنیا کے تمام لوگوں اور ان کے اعمال سے بے نیاز ہے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝٧

(۷) جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے تو ہم ضرور ان کے گناہ دور کر دیں گے اور ان کے کاموں کا، جو وہ کیا کرتے تھے، بہترین بدلہ عطا فرمائیں گے۔

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ۗ وَاِنْ جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ۗ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٨

(۸) اور ہم نے انسان کو بتا کید حکم دیا ہے کہ اپنے والدین کے ساتھ نیک سلوک کرے۔ لیکن وہ اگر تجھ پر زور ڈالیں کہ تو میرے ساتھ ایسی چیز کو شریک ٹھہرا جس کے شریک ہونے کا تجھے کچھ بھی علم نہیں ہے، تو ان کی اطاعت نہ کر، تم سب کو میری طرف لوٹ کر آنا ہے۔ پھر میں تمہیں ان کاموں کی حقیقت سے آگاہ کروں گا جو تم کیا کرتے تھے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ ۝٩

(۹) جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے تو ان کو ہم نیک لوگوں میں داخل کر دیں گے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ۗ وَلَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ۗ اَوَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ۝١٠

(۱۰) اور لوگوں میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جو کہتے ہیں ہم اللہ پر ایمان لائے۔ مگر جب اللہ کی راہ میں انہیں کوئی اذیت پہنچتی ہے تو وہ لوگوں کی ایذا رسانی کو اللہ کا عذاب سمجھ لیتے ہیں۔ اور اگر آپ کے رب کی جانب سے کوئی مدد پہنچتی ہے تو یہی لوگ کہنے لگتے ہیں کہ ہم تو تمہارے ساتھ رہے ہیں۔ کیا (وہ یہ کہہ رہے ہیں؟) کیا اللہ تعالیٰ ان چھپے ہوئے بھیدوں سے واقف نہیں جو دنیا کے سینوں میں مدفون ہیں؟

وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ۝١١

(۱۱) اللہ ضرور ان لوگوں کو دیکھے گا جو ایمان لائے ہیں اور ان کو بھی دیکھے گا جو منافق ہیں۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ ۗ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۗ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝١٢

(۱۲) اور کافر اہلِ ایمان سے کہتے ہیں کہ تم ہمارے طریق پر چلو اور تمہارے گناہ ہم اٹھائیں گے۔ حالانکہ یہ کافر ان کے گناہوں سے کچھ بھی اٹھانے والے نہیں ہیں۔ یہ بالکل جھوٹ بول رہے ہیں۔

ع ۱۳ | ۱۲

وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۡ وَلَيُسْـَٔلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳﴾

(۱۳) ہاں یہ ضرور اپنے بوجھ اٹھائیں گے اور اپنے بوجھ کے ساتھ کچھ اور بوجھ بھی اٹھائیں گے۔ اور جو کچھ جھوٹ گھڑتے رہے ہیں قیامت کے دن ان سب کی باز پرس کی جائے گی۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ؕ فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾

(۱۴) اور بلاشبہ ہم نے نوحؑ کو ان کی قوم کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجا۔ سو وہ ان میں پچاس کم ایک ہزار برس ٹھہرے رہے۔ آخرکار (نہ ماننے پر) ان لوگوں کو طوفان نے آگھیرا اور وہ بڑے ہی نافرمان تھے۔

فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۵﴾

(۱۵) پھر ہم نے نوحؑ کو اور کشتی والوں کو بچالیا اور اسے دنیائے جہان والوں کے لیے ایک نشانِ عبرت بنا دیا۔

وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶﴾

(۱۶) اور ابراہیمؑ کو (بھیجا)۔ جب اس نے اپنی قوم سے کہا "تم اللہ کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو، یہ تمہارے لیے بہتر ہے، اگر تم جانو۔

اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾

(۱۷) "تم اللہ کو چھوڑ کر محض بتوں کی پرستش کر رہے ہو اور تم ایک جھوٹ گھڑ رہے ہو، اور یہ واقعہ ہے کہ خدا کو چھوڑ کر تم جن کی پرستش کر رہے ہو وہ تمہیں روزی دینے کا ذرا بھی اختیار نہیں رکھتے۔ سو تم اللہ ہی سے رزق طلب کرو، اسی کی بندگی کرو اور اسی کا شکر ادا کرو، تم سب کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۸﴾

(۱۸) اگر تم لوگ تکذیب کرو گے تو تم سے پہلے بھی مختلف قومیں (اپنے پیغمبروں کی) تکذیب کر چکی ہیں۔ اور رسولؐ پر تو صاف صاف پہنچا دینے کے سوا کوئی ذمہ داری نہیں ہے۔

اَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۱۹﴾

(۱۹) کیا انہوں نے دیکھا نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کس طرح مخلوق کو پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر اس کو دوبارہ پیدا کرے گا۔ یقیناً یہ (اعادہ تو) اللہ تعالیٰ کے لیے نہایت ہی آسان ہے۔

قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۰﴾

(۲۰) ان سے کہیے کہ زمین میں چلو پھرو، پھر دیکھو کہ اللہ نے کس طرح پہلی بار پیدا کیا! پھر اللہ ہی دوسری بار زندہ کر کے اٹھائے گا۔ یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔

يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ
وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ﴿۲۱﴾

(۲۱) وہ جسے چاہے عذاب دے اور جس پر چاہے رحم فرمائے۔ اور تم سب اسی کی طرف پلٹ کر جاؤ گے۔

وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ۡ
وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۲۲﴾ ع ۲/۱۴

(۲۲) اور تم نہ زمین میں عاجز کرنے والے ہو اور نہ آسمان میں، اور اللہ کے سوا نہ تمہارا کوئی حمایتی ہے اور نہ کوئی مددگار ہے۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖٓ
اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِيْ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ
عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۳﴾

(۲۳) اور جو لوگ اللہ کی آیات اور اس کی ملاقات کے منکر ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جو میری رحمت سے مایوس ہو چکے ہیں اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا
اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ۭ
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۴﴾

(۲۴) پھر اس کی قوم کے پاس اس کے سوا کوئی جواب نہ تھا کہ انہوں نے کہا ”یا تو اسے قتل کر دو یا جلا ڈالو۔“ آخرکار اللہ نے اسے آگ سے بچا لیا۔ بیشک اس واقعہ میں بھی ان لوگوں کے لیے بہت سی نشانیاں ہیں جو ایمان رکھتے ہیں۔

وَقَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ۙ
مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۡ
وَّمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ وقف لازم

(۲۵) اور ابراہیمؑ نے کہا ”تم نے دنیوی زندگی میں تو اللہ کو چھوڑ کر بتوں کو، باہمی محبت کا ذریعہ بنا رکھا ہے۔ مگر قیامت کے روز تم ایک دوسرے پر لعنت کرو گے، تمہارا ٹھکانا آگ ہوگی اور تمہارا کوئی مددگار نہ ہوگا!

فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَقَالَ اِنِّيْ مُهَاجِرٌ اِلٰى
رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۶﴾

(۲۶) اس پر لوطؑ نے ابراہیمؑ کی تصدیق کی۔ اور ابراہیمؑ نے کہا ”میں اپنے رب کی طرف ہجرت کرتا ہوں۔ بیشک وہ زبردست اور کامل حکمت والا ہے۔

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَجَعَلْنَا فِيْ
ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ وَاٰتَيْنٰهُ اَجْرَهٗ فِي
الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۲۷﴾

(۲۷) اور ہم نے ابراہیمؑ کو اسحاقؑ اور یعقوبؑ عطا کر دیئے اور ان کی نسل میں نبوت اور کتاب کا سلسلہ جاری رکھا اور ہم نے دنیا میں بھی ان کو اس کا صلہ عطا کیا اور بلاشبہ وہ آخرت میں نیک لوگوں سے ہوگا۔

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ
الْفَاحِشَةَ ۡ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ
مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾

(۲۸) اور (ہم نے) لوطؑ کو (پیغمبر بنا کر) بھیجا جب اس نے اپنی قوم سے کہا ”یقیناً تم وہ فحش کام کرتے ہو کہ تم سے پہلے دنیائے جہان میں کسی نے بھی اس کا ارتکاب نہیں کیا۔

اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ
السَّبِيْلَ ڏ وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ ۭ فَمَا

(۲۹) کیا تم لوگ خلاف وضع فطری کے مرتکب ہوتے ہو؟ دن دہاڑے ڈاکے مارتے ہو اور مجلسوں میں علانیہ برائیوں کے مرتکب ہوتے ہو۔ پس اس کی قوم

كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِۦٓ إِلَّآ أَن قَالُوا ائْتِنَا
بِعَذَابِ اللَّهِ إِن كُنتَ مِنَ الصَّٰدِقِينَ ﴿٢٩﴾

کا اس کے سوا کچھ جواب نہ تھا کہ ”اگر تو سچا ہے تو اللہ کا عذاب لا دکھا!“

قَالَ رَبِّ انصُرْنِي عَلَى الْقَوْمِ
الْمُفْسِدِينَ ﴿٣٠﴾ ع ٣ ١٥

(۳۰) لوطؑ نے دعا کی، ”اے میرے رب! ان مفسد لوگوں کے مقابلہ میں میری مدد فرما!“

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَآ إِبْرَٰهِيمَ بِالْبُشْرَىٰ
قَالُوٓا إِنَّا مُهْلِكُوٓا أَهْلِ هَٰذِهِ الْقَرْيَةِ ۖ
إِنَّ أَهْلَهَا كَانُوا ظَٰلِمِينَ ﴿٣١﴾

(۳۱) اور جب ہمارے بھیجے ہوئے، ابراہیمؑ کے پاس بشارت لے کر آئے تو انہوں نے ابراہیمؑ سے کہا، ”ہم اس بستی کے لوگوں کو ہلاک کرنے والے ہیں، (کیونکہ) اس کے باشندے بڑے ہی ظالم ہیں۔

قَالَ إِنَّ فِيهَا لُوطًا ۚ قَالُوا نَحْنُ أَعْلَمُ
بِمَن فِيهَا ۖ لَنُنَجِّيَنَّهُۥ وَأَهْلَهُۥٓ إِلَّا
امْرَأَتَهُۥ كَانَتْ مِنَ الْغَٰبِرِينَ ﴿٣٢﴾

(۳۲) ابراہیمؑ نے کہا، ”اس بستی میں لوطؑ بھی تو ہے!“ انہوں نے کہا ”ہم خوب جانتے ہیں کہ وہاں کون کون ہے۔ ہم اسے اور اس کے گھر والوں کو بچالیں گے مگر اس کی بیوی پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہے۔

وَلَمَّآ أَن جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوطًا سِيٓءَ
بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَقَالُوا لَا تَخَفْ
وَلَا تَحْزَنْ ۖ إِنَّا مُنَجُّوكَ وَأَهْلَكَ إِلَّا
امْرَأَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغَٰبِرِينَ ﴿٣٣﴾

(۳۳) اور جب ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) لوطؑ کے پاس پہنچے تو ان کی آمد پر وہ سخت پریشان اور دل تنگ ہوا۔ انہوں نے کہا ”نہ ڈرو اور نہ غم کھاؤ، ہم تمہیں اور تمہارے گھر والوں کو بچالیں گے سوائے تمہاری بیوی کے کہ وہ پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہے۔

إِنَّا مُنزِلُونَ عَلَىٰٓ أَهْلِ هَٰذِهِ الْقَرْيَةِ
رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ﴿٣٤﴾

(۳۴) ”ہم اس بستی کے لوگوں پر آسمان سے عذاب نازل کرنے والے ہیں اس فسق کی بدولت جو یہ لوگ کرتے رہے ہیں“۔

وَلَقَد تَّرَكْنَا مِنْهَآ ءَايَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ﴿٣٥﴾

(۳۵) اور ہم نے اس بستی سے ان لوگوں کیلئے کچھ کھلی نشانی (آثار) چھوڑ دی ہے جو عقل سے کام لیتے ہیں۔

وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا فَقَالَ
يَٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْءَاخِرَ
وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿٣٦﴾

(۳۶) اور مدین والوں کے پاس ہم نے ان کے بھائی شعیبؑ کو (پیغمبر بنا کر) بھیجا، سو شعیبؑ نے کہا: ”میری قوم کے لوگو! اللہ کی عبادت کرو اور یوم آخرت کو ملحوظِ خاطر رکھو اور زمین میں فساد برپا نہ کرتے پھرو“۔

فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا
فِي دَارِهِمْ جَٰثِمِينَ ﴿٣٧﴾

(۳۷) مگر انہوں نے شعیبؑ کی تکذیب کی، آخر کار ایک زلزلہ نے انہیں آ پکڑا، پھر وہ اپنے گھروں میں منہ کے بل پڑے کے پڑے رہ گئے۔

وَعَادًا وَثَمُودَا۠ وَقَد تَّبَيَّنَ لَكُم مِّن

(۳۸) اور (ہم نے) عاد اور ثمود کو (بھی ہلاک کیا) اور ان کی سکونت گاہوں سے

مَّسٰكِنِهِمْ ۗ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ﴿٣٨﴾

تم پر (ان کی تباہی) ظاہر ہو چکی ہے، اور شیطان نے ان کے لئے ان کے اعمال کو خوش منظر بنا دیا تھا۔ چنانچہ انہیں سیدھی راہ سے روک دیا تھا۔ حالانکہ وہ ہوش گوش رکھتے تھے۔

وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ ۗ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ﴿٣٩﴾

(۳۹) اور ہم نے قارون اور فرعون اور ہامان (کو بھی ہلاک کیا) بلاشبہ موسیٰؑ ان کے پاس صاف دلائل لے کر آیا۔ مگر انہوں نے ملک میں سرکشی کی حالانکہ وہ (ہم سے بچ کر) سبقت لے جانے والے نہ تھے۔

فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٤٠﴾

(۴۰) الغرض ہم نے ان سب کو ان کے گناہوں کی پاداش میں پکڑ لیا۔ پھر بعضوں پر تو ہم نے پتھراؤ کرنے والی آندھی بھیجی۔ اور بعضوں کو ایک زبردست دھماکے نے آلیا اور بعض کو ہم نے زمین میں دھنسا دیا۔ اور ان میں سے بعض کو غرق کر دیا۔ اور اللہ ان پر ظلم کرنے والا نہ تھا مگر یہ لوگ خود ہی اپنے اوپر ظلم کر رہے تھے۔

مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۭ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤١﴾

(۴۱) ان لوگوں کی مثال جو، اللہ تعالیٰ کے سوا اور لوگوں سے دوستی کرتے ہیں، مکڑی کی ہے۔ مکڑی گھر بنانے کو تو بناتی ہے مگر گھروں میں کمزور ترین گھر مکڑی کا گھر ہے، کاش یہ لوگ سمجھتے!

وقف لازم

اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٤٢﴾

(۴۲) اللہ تعالیٰ ان سب چیزوں کی حقیقت سے واقف ہے جن کو یہ لوگ خدا کے سوا پوجتے ہیں اور وہی زبردست کامل حکمت والا ہے۔

وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ﴿٤٣﴾

(۴۳) اور یہ مثالیں ہم لوگوں (کو سمجھانے) کے لئے بیان کرتے ہیں۔ مگر ان کو وہی لوگ سمجھتے ہیں جو علم رکھنے والے ہیں۔

خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٤٤﴾

ع ۱۶

(۴۴) اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو حکمت اور مصلحت کے ساتھ پیدا کیا، اور بلاشبہ اس باب میں ارباب ایمان کے لئے معرفتِ حق کی بڑی نشانیاں ہیں۔

اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ
اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَذِكْرُ
اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿٤٥﴾

(۴۵) کتاب میں تم پر جو وحی اتری ہے اسے پڑھو اور نماز کو درست طریق پر ادا کرو۔ حقیقت میں نماز بد اخلاقیوں اور برائی سے روکتی ہے۔ اور اللہ کی یاد سب سے برتر ہے، اللہ تمہاری کاریگری کو خوب جانتا ہے۔

وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ
اَحْسَنُ ۖ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا
اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ
وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿٤٦﴾

(۴۶) ''اہلِ کتاب سے بحث نہ کرو مگر بطریقِ پسندیدہ'' سوائے ان لوگوں کے جو ان میں ظالم ہوں (ان سے رعایت نہ کیجئے) اور ان سے کہو ''ہم اس کتاب پر ایمان لائے جو ہماری طرف بھیجی گئی ہے اور ان پر بھی جو تمہاری طرف بھیجی گئی تھیں۔ ہمارا اور تمہارا معبود ایک ہی ہے اور ہم اس کے فرمانبردار ہیں''۔

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ ؕ
فَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ
وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَمَا يَجْحَدُ
بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ﴿٤٧﴾

(۴۷) اور (اے نبیؐ!) ہم نے اسی طرح آپ کی طرف کتاب نازل کی ہے (جس طرح ہم نے پہلے نبیوں پر کتابیں نازل کیں) سو جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس کتاب (قرآن) پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور ان مشرکین میں سے بھی بعض وہ ہیں جو اس کتاب پر ایمان لاتے ہیں اور ہماری آیات کو ماننے سے صرف کافر ہی انکار کرتے ہیں۔

وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا
تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿٤٨﴾

(۴۸) (اے نبیؐ!) آپ اس سے پہلے نہ کوئی کتاب پڑھتے تھے اور نہ اس (کتاب) کو اپنے ہاتھ سے لکھتے تھے۔ ایسا ہوتا تو یہ باطل پرست لوگ ضرور کسی نہ کسی شبہ میں پڑتے۔

بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ
اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا
الظّٰلِمُوْنَ ﴿٤٩﴾

(۴۹) بلکہ یہ قرآن تو صاف اور واضح آیات ہیں جو ان لوگوں کے سینوں میں محفوظ ہیں جن کو علم دیا گیا ہے۔ اور ہماری آیات کو ماننے سے صرف وہی انکار کرتے ہیں جو ظالم ہیں۔

وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ
قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ
مُّبِيْنٌ ﴿٥٠﴾

(۵۰) اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ ''کیوں نہ اس پر ہمارے رب کی جانب سے نشانیاں نازل کی گئیں؟'' آپ کہہ دیجئے، ''بس نشانیاں تو اللہ کے پاس ہیں۔ اور میں تو بس کھلے طور پر ڈرانے والا ہوں''

اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ
يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً

(۵۱) کیا ان لوگوں کے لئے یہ نشانی کافی نہیں کہ ہم نے تم پر کتاب نازل کی ہے جو انہیں برابر سنائی جارہی ہے؟ جو لوگ یقین رکھنے والے ہیں، بلاشبہ ان کے

ع ۵ ۷ ۱ وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾
لئے اس نشانی میں سرتاسر رحمت اور فہم وبصیرت ہے۔

قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوْا بِاللّٰهِ ۙ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۵۲﴾
(۵۲) ان لوگوں سے کہہ دو، (اب کسی ردوکد کی ضرورت نہیں،) میرے اور تمہارے درمیان اللہ کی گواہی بس کرتی ہے۔ آسمان وزمین میں جو کچھ ہے سب اس کے علم میں ہے۔ پس جو لوگ حق کی جگہ باطل پر ایمان لائے ہیں اور اللہ کی صداقت کے منکر ہیں وہی ہیں جو تباہ ہونے والے ہیں۔

وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ۭ وَلَوْلَآ اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَاۗءَهُمُ الْعَذَابُ ۭ وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۳﴾
(۵۳) اور یہ لوگ عذاب کے لئے جلدی کرتے ہیں (انکار وشرارت کی راہ سے کہتے ہیں کہ واقعی عذاب آنے والا ہے تو کیوں نہیں آتا) اور واقعہ یہ ہے کہ اگر ایک وقتِ خاص نہ ٹھہرا دیا گیا ہوتا تو کب کا عذاب آچکا ہوتا اور یقین رکھو وہ یکا یک ان پر آگرے گا اور انہیں اس کا وہم وگمان بھی نہ ہوگا۔

يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ۭ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۴﴾
(۵۴) یہ لوگ آپ سے عذاب جلدی لانے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ اور بلاشبہ جہنم ان کافروں کو ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہے۔

يَوْمَ يَغْشٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَيَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۵﴾
(۵۵) جس دن کہ عذاب انہیں اوپر سے اور ان کے پاؤں کے نیچے سے ڈھانک لے گا اور (اللہ) فرمائے گا "اب ان کرتوتوں کا مزا چکھو جو تم کرتے تھے۔"

يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾
(۵۶) اے میرے بندو کہ مجھ پر ایمان رکھتے ہو! یقین کرو کہ میری زمین بہت وسیع ہے (اور کسی ایک ٹکڑے میں تقسیم نہیں ہے) پس (میرے ہی آگے جھکو اور) میری ہی بندگی کرو۔

كُلُّ نَفْسٍ ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۣ ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۷﴾
(۵۷) ہر متنفس نے موت کا مزہ چکھنا ہے۔ پھر تم سب ہماری طرف لوٹائے جاؤ گے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۵۸﴾
(۵۸) اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے، ہم ان کو یقیناً جنت کی بلند وبالا عمارتوں میں جگہ دیں گے جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہونگی وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ کیا خوب صلہ ہے عمل کرنے والوں کے لئے!

الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰي رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۵۹﴾
(۵۹) وہ جنہوں نے صبر سے کام لیا اور اپنے رب ہی پر بھروسہ کرتے ہیں۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَاۗبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ڰ اَللّٰهُ
(۶۰) کتنے ہی (زمین پر چلنے والے) جانور ہیں جو اپنا رزق اٹھائے نہیں

يَرۡزُقُهَا وَاِيَّاكُمۡ ‌ۖ وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ﴿۶۰﴾	پھرتے اللہ ہی ان کو رزق پہنچاتا ہے اور تم کو بھی، اور وہی سب کچھ سننے اور جاننے والا ہے۔
وَلَٮِٕنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَسَخَّرَ الشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ لَيَـقُوۡلُنَّ اللّٰهُ‌ ۚ فَاَنّٰى يُؤۡفَكُوۡنَ ﴿۶۱﴾	(۶۱) اور اگر ان (مشرکین) سے تم پوچھو کہ وہ کون ہے جس نے آسمان وزمین پیدا کئے اور سورج اور چاند کو اس ترتیب اور نظامِ عجیب پر مسخر کردیا؟ تو بے اختیار بول اٹھیں گے کہ اللہ (ہی تو ہے جس نے یہ سب کچھ کیا ہے جب حالت یہ ہے) تو پھر یہ گمراہ، کہاں بھٹکے جارہے ہیں؟
اَللّٰهُ يَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ يَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِهٖ وَيَقۡدِرُ لَهٗ‌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ﴿۶۲﴾	(۶۲) اللہ اپنے بندوں میں سے جس کے لئے چاہتا ہے روزی فراخ کردیتا ہے اور جس کے لئے چاہتا ہے روزی تنگ کردیتا ہے اور وہ ہر چیز کے حال سے باخبر ہے۔
وَلَٮِٕنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحۡيَا بِهِ الۡاَرۡضَ مِنۡۢ بَعۡدِ مَوۡتِهَا لَيَـقُوۡلُنَّ اللّٰهُ‌ ؕ قُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ‌ ؕ بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡقِلُوۡنَ ﴿۶۳﴾	(۶۳) اور اگر آپ ان سے دریافت کریں کہ کس نے آسمان سے تدریجاً پانی برسایا اور اس کے ذریعہ مردہ (بنجر) پڑی ہوئی زمین کو جلا اٹھایا؟ تو وہ ضرور کہیں گے "وہ اللہ ہی ہے۔" آپ کہیئے، سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے۔ لیکن اکثر لوگ سمجھ سے کام نہیں لیتے۔
وَمَا هٰذِهِ الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَاۤ اِلَّا لَهۡوٌ وَّلَعِبٌ‌ ؕ وَاِنَّ الدَّارَ الۡاٰخِرَةَ لَهِىَ الۡحَـيَوَانُ‌ ۘ لَوۡ كَانُوۡا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۶۴﴾	(۶۴) اور یہ دنیا کی زندگی (جو تعلق باللہ سے خالی ہے) اس کے سوا اور کیا ہے کہ فانی خواہشات کے بہلانے کا ایک کھیل ہے۔ اصل زندگی تو آخرت ہی کی زندگی ہے۔ (اس لیے اُس زندگی کو تیار کرنا چاہیے) کاش وہ جانتے!
فَاِذَا رَكِبُوۡا فِى الۡفُلۡكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخۡلِصِيۡنَ لَـهُ الدِّيۡنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰٮهُمۡ اِلَى الۡبَرِّ اِذَا هُمۡ يُشۡرِكُوۡنَ ۙ ﴿۶۵﴾	(۶۵) پھر جب یہ لوگ کشتی میں سوار ہوتے ہیں تو بس اللہ ہی پر خالص اعتقاد رکھ کر اُسے پکارتے ہیں۔ پھر جب اللہ ان کو نجات دے کر خشکی پر لے آتا ہے تو اسی وقت، شرک کرنے لگتے ہیں۔
لِيَكۡفُرُوۡا بِمَاۤ اٰتَيۡنٰهُمۡ ۙۚ وَلِيَتَمَتَّعُوۡا ۗ فَسَوۡفَ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۶۶﴾	(۶۶) تاکہ جو احسان ہم نے ان پر کیا ہے اس کی ناشکری کریں اور (چند دن کیلئے) مزے لوٹیں۔ اچھا، عنقریب انہیں (اس کا انجام) معلوم ہوجائے گا!
اَوَلَمۡ يَرَوۡا اَنَّا جَعَلۡنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنۡ حَوۡلِهِمۡ‌ ؕ اَفَبِالۡبَاطِلِ	(۶۷) کیا (ہماری قدرت کی اس نشانی کو) نہیں دیکھتے کہ ہم نے حرم (مکہ) کو (جو ایک غیر معروف خطہ تھا) امن وحفاظت کا گھر بنا دیا اور اس کے اردگرد لوگ

ع ۶ ۱۲ وقف لازم

یُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ یَكْفُرُوْنَ ﴿٦٧﴾

لٹ جاتے ہیں۔ کیا یہ لوگ باطل پر ایمان لاتے اور اللہ کی نعمتوں کو جھٹلاتے ہیں؟

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ؕ اَلَیْسَ فِیْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِیْنَ ﴿٦٨﴾

(٦٨) اور اس شخص سے بڑھ کر کون ظالم ہو سکتا ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے، یا حق جب اس کے پاس آجائے تو اس کی تکذیب کرے۔ کیا ایسے کافروں کے لیے جھنم میں (ہمیشہ کے لیے) ٹھکانہ نہیں ہے؟

وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿٦٩﴾ ع

(٦٩) اور جن لوگوں نے ہماری راہ میں سعی و کوشش کی، ضروری ہے کہ ہم بھی ان پر اپنی راہیں کھول دیں اور بلاشبہ اللہ ان لوگوں کا ساتھی ہے جو نیک کردار ہیں۔

سورۃ الروم مکی ہے اور اس میں ساٹھ آیتیں اور چھ رکوع ہیں

آیاتھا ٦٠ (٣٠) سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّیَّةٌ (٨٤) رکوعاتھا ٦

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ﴿١﴾

(١) الٓمّٓ

غُلِبَتِ الرُّوْمُ ﴿٢﴾

فِیْۤ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَیَغْلِبُوْنَ ﴿٣﴾

فِیْ بِضْعِ سِنِیْنَ ؕ لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ؕ وَیَوْمَىِٕذٍ یَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿٤﴾

بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ یَنْصُرُ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ﴿٥﴾

(٢۔٣۔٤۔٥) رومی قریب کی سرزمین میں مغلوب ہو گئے۔ اور وہ اپنے اس مغلوب ہونے کے بعد عنقریب چند سال کے اندر غالب ہو جائیں گے۔ اللہ کے اختیار میں ہے پہلے بھی اور بعد میں بھی۔ اور وہ دن ہو گا کہ اللہ کی مدد و نصرت کے ظہور سے ایمان والوں کے لئے خوشی اور راحت ہو گی۔ وہ جس کی چاہتا ہے مدد کرتا ہے اور وہ عزیز و رحیم ہے۔

وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا یُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿٦﴾

(٦) یقین رکھو کہ یہ اللہ کا وعدہ ہے اور اللہ اپنے وعدہ کا خلاف کبھی نہیں کرتا۔ لیکن بہت سے لوگ ہیں جو اس حقیقت کو نہیں جانتے۔

یَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۚۖ وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿٧﴾

(٧) یہ وہ لوگ ہیں جن کا علم بس دنیا کی ظاہری زندگی تک محدود ہے اور آخرت کی زندگی سے وہ بالکل غافل ہو گئے ہیں۔

اَوَلَمْ یَتَفَكَّرُوْا فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ ۫ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَاۤ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَاِنَّ كَثِیْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ﴿٨﴾

(٨) کیا ان لوگوں نے کبھی اپنے دل میں اس بات پر غور نہیں کیا؟ کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے محض بیکار اور عبث نہیں بنایا ضروری ہے کہ حکمت اور مصلحت کے ساتھ بنایا ہو اور اس کے لئے ایک مقررہ وقت ٹھہرا دیا ہو۔ اصل بات یہ ہے کہ انسانوں میں بہت سے لوگ ایسے ہیں جو